# URDU SAMPLE PAPER
## Class : IX
## Urdu Course - B SA-II
## March 2012

**M.M.: 90** **Time : 3 hrs**

1۔ حب الوطنی کا جذبہ ہر انسان میں ہونا ضروری ہے۔جس ملک میں محبّ وطن ہوتے ہیں وہ ملک ترقی کی منازل تیزی سے طے کرتا ہے۔ جہاں ایسا نہیں وہ ملک بربادی کی طرف جاتا ہے۔ پرانے زمانے میں وطن پرست ہر ملک میں لاتعداد تھے ہندوستان سونے کی چڑیا کہلاتا تھا۔لیکن ایک وہ زمانہ آیا جب ملک انگریزوں کا غلام ہوگیا۔مگر لاکھوں وطن پرستوں کی قربانیوں کے بدلے ہمیں آزادی ملی۔ اس آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے ہمیں متحد رہنا ہوگا۔ 5

(i) کونسا جذبہ ہر انسان میں ہونا ضروری ہے؟

1۔ نفرت کا

2۔ محبت کا

3۔ غصے کا

4۔ حب الوطنی کا

(ii) جہاں وطن پرست نہیں ہوتے ایسے ملک کا کیا ہوتا ہے؟

1۔ بارش ہوتی ہے

2۔ بربادی کی طرف جاتا ہے

3۔ کھیتی باڑی کرتا ہے

4۔ اچھائی کی طرف جاتا ہے

(iii) پرانے زمانے میں ہندوستان کیا کہلاتا تھا؟

1۔ پلاسٹک کی گڑیا کہلاتا تھا

2۔ چاندی کا بندر کہلاتا تھا

3۔ سونے کی چڑیا کہلاتا تھا

4۔ پیتل کا کبوتر کہلاتا تھا

(iv) ہندوستان کو اپنا غلام کن لوگوں نے بنایا؟

1۔ جاپانیوں نے

2۔ عربوں نے

3۔ انگریزوں نے

4۔ افریقیوں نے

(v) ہندوستان کس طرح آزاد ہوا؟

1۔ انقلابی شاعری کی وجہ سے

2۔ اچھا کرکٹ کھیلنے کی وجہ سے

3۔ غداروں کی وجہ سے

4۔ وطن پرستوں کی قربانیوں کے بدلے

2۔ انسانیت کا گیت سناتے چلے چلو 5

شمع خلوص دل میں جلاتے چلے چلو

مہرو وفا کے پھول کھلاتے چلے چلو

دنیا کو رشک خدا بناتے چلے چلو سازِ وفا یہ جھوم کے گاتے چلے چلو

آپس کے اتحاد میں یہاں ترقیاں

آپس کے اتحاد میں ہیں سربلندیاں

آپس کا اتحاد علاجِ غم جہاں

آپس کا اتحاد بڑھاتے چلے چلو سازِ وفا یہ جھوم کے گاتے چلے چلو

(i) شاعر کونسا گیت گانے کو کہہ رہا ہے؟

1۔ نفرت کا گیت

2۔ محبت کا گیت

3۔ انسانیت کا گیت

4۔ الفت کا گیت

(ii) شاعر شمع کہاں جلانا چاہتا ہے۔

1۔ گھر میں

2۔ کمرے میں

3۔ خلوص دِل میں

4۔ دماغ میں

(i) کونسے پھول کھلانے کی بات ہو رہی ہے؟

1۔ دغا کے

2۔ بے وفائی کے

3۔ مہر و وفا کے

4۔ محبت کے

(iv) آپس کے اتحاد میں کیا چیز چھپی ہے؟

1۔ نفرت چھپی ہے

2۔ الفت چھپی ہے

3۔ ترقیاں چھپی ہیں

4۔ بے چینی چھپی ہے

(v) شاعر آپس میں کس چیز کو بڑھنے پر زور دے رہا ہے؟

1۔ آپس میں نفرت

2۔ آپس کا اتحاد

3۔ آپس کے جھگڑے

4۔ آپس کی الفت

3۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) کسی تفریحی مقام کی سیر

(ii) عیدالفطر

(iii) موسم برسات

(iv) یومِ آزادی

4۔ اپنے دوست کے نام خط لکھیے اور اُسے اپنی سالگرہ میں آنے کی دعوت دیجئے۔ 8

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

5۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے 2
پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے
(i) درج بالا شعر میں تشبیہہ کا استعمال کس طرح کیا گیا ہے وضاحت کیجئے۔
(ii) مندرجہ ذیل جملوں میں تشبیہہ چھانٹ کر لکھیے۔
بچے پھولوں کی طرح معصوم ہوتے ہیں
حامد شیر کی طرح بہادر ہے

5a۔ نیچے لکھے ہوئے محاوروں میں سے صرف چار محاوروں کا مطلب لکھیے۔ 4
آنکھ لگنا، جان میں جان آنا، اپنے منہ میاں مٹھو بننا، عقل پر پردہ ڈالنا، تاب نہ لانا،
سینہ پھُلانا، نو دو گیارہ ہونا، باغ باغ ہونا۔

5b۔ نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد الفاظ لکھیے 4
جاہل، سست، خوبصورت، بلندی، دکھ، زندگی، جنگ، خوشی

5c۔ نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے واحد جمع بنائیے۔ 4
محاورات، تکلیف، مشکلات، موقع، ملک، خطوط، خدمت، آفات

5d۔ نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے مذکر اور مونث چھانٹ کر لکھیے۔ 4
گلی، گنبد، جہاز، دیوار، لکڑہارا، ہوا، راحت، سانپ

5e۔ (i) لفظ گمان اور چلن میں بد کا سابقہ لگا دیا جائے تو بدگمان اور بدچلن مرکب بن جائے گا اسی طرح ''بد''
کا سابقہ لگا کر مزید چار مرکب الفاظ بنائیے۔ 2
(ii) لفظ حاجت اور دانش میں ''مند'' کا لاحقہ لگا دیا تو وہ حاجت مند، دانش مند مرکب بن جائے گا،
اسی طرح ''مند'' کا لاحقہ لگا کر مزید چار مرکب الفاظ لکھیے۔ 2

5f۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چار الفاظ کے استعمال جملوں میں کیجئے۔ 4
حیرت، دعوت، حیرانی، وعدہ، نفع، انصاف، اسکول، حاضر جوابی

6۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 6
مہاتما گاندھی چاہتے تھے کہ گاؤں کے انتظام میں گاؤں والوں کا پورا ہاتھ ہو۔ اس لئے آزادی کے بعد ہماری سرکار نے گاؤں کی طرف دھیان دیا۔ ہماری ریاستوں میں پنچایتی راج قانون بنایا گیا۔ جس سے گاؤں والوں کو یہ اختیار مل گیا کہ وہ اپنے گاؤں کا انتظام خود کریں۔

اس قانون کے مطابق ہر اس گاؤں میں گاؤں سبھا بنائی جاتی ہے جس کی آبادی ڈھائی سو یا اس سے زیادہ ہو۔ گاؤں سبھا کی ہر سال دو بیٹھکیں ہوتی ہیں۔ ایک خریف میں اور ایک ربیع میں خریف میں گاؤں سبھا آئندہ سال کا بجٹ منظور کرتی ہے اور ربیع کی بیٹھک میں پچھلے سال کے حساب کی جانچ کرتی ہے۔

گاؤں سبھا اپنے ممبروں میں سے پردھان اور گرام پنچایت کا چناؤ کرتی ہے۔ اس انتظامیہ کمیٹی کا نام ''گاؤں پنچایت'' ہے اس میں پندرہ سے تیس ممبر تک ہوتے ہیں۔ ان ممبروں کا چناؤ پانچ سال کے لئے ہوتا ہے۔ گاؤں پنچایت کے ممبر ہر سال اپنا ایک اُپ پردھان چنتے ہیں۔ اگر گاؤں سبھا کسی وقت یہ دیکھے کہ پردھان اور اُپ پردھان اس کی ہدایتوں کے مطابق کام نہیں کر رہے ہیں تو اسے یہ اختیار بھی رہتا ہے کہ انھیں ان کے عہدوں سے ہٹا دے۔

(i) گاندھی جی کیا چاہتے تھے؟

(ii) ریاست میں پنچایتی راج قانون کب بنایا گیا؟

(iii) کس گاؤں میں گاؤں سبھا بنائی جاسکتی ہے؟

(iv) گاؤں سبھا کی بیٹھکیں کب ہوتی ہیں؟

(v) گاؤں پنچایت میں کتنے ممبر ہوتے ہیں اور ان کا چناؤ کتنے سال کے لئے ہوتا ہے۔

(vi) پردھان اور اُپ پردھان کو کن وجوہات کی بنا پر ان کے عہدے سے برخاست کیا جاسکتا ہے؟

یا

آریہ بھٹ ہمارے ملک ہندوستان کا پہلا مصنوعی سیارہ تھا جو 19 اپریل 1975 کو خلا میں بھیجا گیا۔ اس مصنوعی سیارے کا نام قدیم ہندوستان کے مشہور ریاضی داں آریہ بھٹ کے نام پر رکھا گیا۔ ہندوستان سے پہلے روس، امریکہ، برطانیہ، کناڈا، اٹلی، فرانس، آسٹریلیا، مغربی جرمنی، چین اور جاپان اپنے مصنوعی سیارے خلا میں بھیج چکے تھے۔ ہندوستان گیارہواں ملک ہے جس نے مصنوعی سیارہ خلا میں بھیجا۔

کم لوگ جانتے ہیں کہ مصنوعی سیارہ کسے کہتے ہیں؟ یہ کیسے اور کیوں اُڑایا جاتا ہے؟ ہمارے عہد میں سائنس کی مدد سے جو بڑی بڑی ایجادیں ہوئی ہیں ان میں سے ایک اہم ایجاد مصنوعی سیارہ بھی ہے۔ مصنوعی سیارہ دھات کا بنا ہوا ایک طرح کا دو یا تین منزلہ مکان ہوتا ہے۔ اس میں مختلف کاموں کے لئے سائنسی آلات لگائے جاتے ہیں۔ اسے زمین کی قوتِ کشش کی روشنی میں بنایا ہے اور راکٹ کی مدد سے خلا میں بھیجا جاتا ہے۔

(i) ہندوستان کا پہلا مصنوعی سیارہ کس کے نام سے منسوب ہے؟

(ii) ہندوستان سے پہلے کتنے ملک مصنوعی سیارہ خلا میں بھیج چکے ہیں؟

(iii) مصنوعی سیارہ کس شکل کا ہوتا ہے؟

(iv) 19 اپریل 1975 کو کس ملک کا سیارہ خلا میں گیا؟

(v) مصنوعی سیارہ کس چیز. کا بنا ہوتا ہے؟

(v) مصنوعی سیارہ کو خلا میں کیسے بھیجا جاتا ہے؟

7۔ سند باز جہازی کے سفر کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے؟ 6

یا

کامیابی کا دارو مدار وقت کے صحیح استعمال پر ہے، اس قول کی روشنی وقت کی اہمیت پر تبصرہ کیجئے۔

8۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) ملا نصر الدین کو ہر فن مولا کیوں کہا جاتا ہے؟

(ii) کہانی 'تنکا تھوڑی ہوا سے اڑ جاتا ہے' میں مکڑی کا کیا انجام ہوا اور کیوں

(iii) بانسری والے نے بچوں کو پہاڑ کے غار میں کیوں بند کر دیا؟

9۔ مندرجہ ذیل اشعار میں شاعر نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 6

کتنی راحت فرا ہوا ہے — گویا جنت کا در کھلا ہے
خوش خوش ہر ایک آدمی ہے — ہر شے میں بلا کی دلکشی ہے
یہ صبح کا دلفریب منظر — یہ شام کا حسن روح پرور
یہ رات کو چاندنی کا عالم — اللہ رے بے خودی کا عالم
کسی دلچسپ چاندنی ہے — چادر اک نور کی تنی ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے — سب پر ہی بہار کا اثر ہے

10۔ نظم ''چھٹی کا دن'' کے ذریعہ شاعر آپ کو کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟ 6

11۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 4

(i) شاعر کے نزدیک عزت کن لوگوں کو حاصل ہوتی ہے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ii) کبیرا کھڑا ابجار میں لیے لاٹی ہاتھ
جو گھر جارے آپنا چلے ہمارے ساتھ
اس دوہے میں کبیر کیا مشورہ دیتے ہیں؟

(iii) پودا گھاس کے شکوے کا کیا جواب دیتا ہے؟

(iv) دوہے کے دو مشہور شاعروں کے نام لکھئے؟